ہومیوپیتھک
جیبی انسائیکلوپیڈیا
مصنفہ ومؤلفہ
ڈاکٹر شاد گیلانی
ہومیوپیتھ و ماہر علوم فلکیات
خیر و برکت
خیر و برکت
ناشرین
ملک سراج الدین اینڈ سنز، پبلشرز
48/C لوئر مال، لاہور
Facebook | کتب خانہ طبیب

ہومیوپیتھک

جیبی انسائیکلوپیڈیا

مُصنّفہ و مُؤلفہ
ڈاکٹر شاد گیلانی
ہومیوپیتھ و ماہرِ علومِ فلکیات

ملک سراج الدین اینڈ سنز
48/C لوئر مال، لاہور

ہومیوپیتھی "علامات" کا علاج ہے۔

مرض کے نام پر نسخہ تجویز کرنا اس عظیم طب کا تمسخر اڑانا ہے۔

مجھے اس امر کا قطعی طور پر اقرار ہے۔ کہ میرا یہ اقدام فن ہومیوپیتھی کے سراسر منافی ہے۔ مگر چند دوستوں کا اصرار ہے کہ اپنے تجربات کو اس طرح سے پیش کروں کہ ہر طبیب ان سے فائدہ اُٹھا سکے۔

چند مہربانوں کے بار بار کہنے پر ایک مختصر سا فارماکوپیا پیش خدمت ہے۔ جہاں تک تک میرا خیال ہے۔ یہ فارماکوپیا آپ کے لئے بے حد مفید ثابت ہو گا۔

آپ کا

نشاد گیلانی، ہومیوپیتھ

امراضِ سر

اعصابی کمزوری

ایسڈ فاس مدر ٹنکچر یا الفلفا مدر ٹنکچر یا الوینا سٹائیوا مدر ٹنکچر میں سے کوئی سا دوا استعمال کرائیں۔ کالی فاس ×۶ یا ×۳ بہت مفید ہے۔

امتلائے دماغ: بیلاڈونا ۳۰ یا فیرم فاس ×۳ دیں۔

آخذہ: (جمود۔ تشخوص مدرکہ) کینبس انڈیکا ×۳ کو اکسیر سمجھیں۔

ابرو کا درد: دائیں ابرو کے لئے کالمیا ۳۰ اور بائیں ابرو کے لئے سپائی جیلیا ۳۰ مفید ہے۔ خرابی جگر سے ہو تو جیلی ڈونیم مدر ٹنکچر استعمال کرائیں۔

بے خوابی (سہر) پیسی فلورا انکارنیٹا مدر ٹنکچر۔ یا ایسڈ فاس مدر ٹنکچر یا کالی فاس ×۶ یا ×۳ استعمال کرائیں۔

پاگل پن: راوڈلفیا سرپنٹیا مدر ٹنکچر اور کالی فاس ×۳ باری باری ۲-۲ خوراک دینے سے آرام آجائے گا۔ مجرّب نسخہ ہے ضرور استعمال کرائیں۔

بالوں کا گرنا: مردوں کے لئے ایسڈ فاس مدر ٹنکچر اور عورتوں کے لئے سیپیا ۳۰ مفید ہے۔ سر پر آرنیکا آئل کی مالش کیا کریں۔

چکر: کالی فاس ×۳۔ نیٹرم سلف ×۳ ملا کر استعمال کریں۔

" کشتی یا جہاز میں کاکولس ۳۰ مفید ہے۔

چکّر میں زیادتی ہلنے جُلنے سے۔ برائی ۳۰ استعمال کریں۔
" " لیٹنے سے ہو تو کونیم ۳۰ اچھّا دوا ہے۔
" " اُوپر چڑھنے یا سر گھمانے سے۔ بورکس ۳۰ دیں۔

دماغ کمزور۔ کالی فاس ×۶۔ کلکیریا فاس ×۶ ملا کر استعمال کرائیں۔
ایسڈ فاس مدر ٹنکچر بھی بہت اچھا کام کرتا ہے۔

دماغ کا ہل جانا۔ (تزعزع الدماغ) ضربہ یا سقطہ کے باعث واغ ہل جائے تو آرنیکا ×۳ کو اکسیر سمجھیں۔

دماغ کا نرم ہونا۔ فاسفورس ۳۰ دیا کریں۔

دردِ سر۔ علامات کے مطابق علاج کریں اور اگر ایک ہی نسخہ پر ضِد کرجائیں تو اوسینا بار بار مدر ٹنکچر دیں۔ یہ ہومیوپیتھی کی "اسپرین" ہے۔
" دائیں طرف دن کے ساتھ گھٹے یا بڑھے۔ سنگوئی نیریا ۳۰ دیں۔
" بائیں طرف دن کے ساتھ گھٹے یا بڑھے۔ سپائی جیلیا ۳۰ دیں۔
" کسی وقت بھی شروع ہو اور شام تک رہے۔ سٹینم ۳۰ دیں۔

سبات۔ (زیادتی نیند) اوپیم ۳۰ استعمال کریں۔

سکتہ۔ لاروسیرس ×۱ کو اکسیر سے کم نہ جانیں۔
فیرم فاس ×۳ بھی بہت مفید ہے۔
جب اچانک حملہ ہو تو سرکینم فاسفوریکا ×۳ آبِ حیات کا کام دے گا۔

سرسام۔ علامات کا علاج کریں زیادہ بلند ہوں تو فیرم فاس ×۳ فائدہ مند ہے۔

سر میں چوٹ کے بدنتائج۔ ایک شخص میرے پاس آیا جسے سر میں لاٹھیاں کثرت سے لگی تھیں اور بصارت بالکل زائل ہو گئی۔ اُسے نیٹرم سلف ۱۰۰۰ صرف ایک خوراک دینے سے بصارت لوٹ آئی۔ نہایت ہی مفید تجربہ ہے، فراموش نہ کریں۔

سر میں جُوئیں۔ سباڈلا مدر ٹنکچر پانی میں ملا کر سر نہ دھوئیں۔ اور ونکا مائینر ۳۰ یا سورائینم ۳۰ کھانے کو دیں۔

مرگی کے لئے خاص نسخہ۔ لوحِ قلب پر نوٹ فرمالیں۔ ضائع نہ کریں

(۱) کالی میور ۶x لیگ فاس ۶x ملا کر ۳ خوراک دیں۔

(۲) اونتھی کروکیٹا مدر ٹنکچر ۵ بوند فی خوراک ۳ خوراکیں۔

ہر دو ادویہ ۳۔۳ خوراک باری باری روزانہ دیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں کمال فائدہ ہو گا۔

فالج۔ عام طور پر کالی فاس ۶x اور جلیسیمم ۳۰ باری باری مفید ہے

" جزوی کسی ایک عضو کا فالج ہو یا لقوہ ہو تو کاسٹیکم ۳۰ اکسیر سے کم نہیں ہے۔ کاسٹیکم سے میں نے لقوہ کے قریباً ایک ہزار مریضوں کو تندرست کیا ہے۔

" میں عضو سوکھ جائے تو پلمبم۔۳ کو فراموش نہ کریں۔

دورانِ سر کے لئے مرکب نسخہ

کونیم ۱x۔ کاکولس ۳x۔ ارجنٹم نائٹریکم ۳x برابر وزن ملا کر ۳ ٹکڑے دوا تازہ پانی میں ۳۔۴ خوراک روزانہ استعمال کرائیں۔

فالج کی اکسیر - اس نسخہ کے سامنے طب کے تمام نسخوں کی کوئی وقعت نہیں۔ ۳ ماہ کے استعمال سے ہر قسم کا فالج دور ہو کر اعضاء اپنا صحیح افعال سر انجام دینے لگ جاتے ہیں۔

(۱) کاسٹیکم ×۳ ۔ رسٹاکس ×۳ ۔ جلسی مم ×۳

ہموزن یہ حصہ اوّل ۔

(۲) کالی فاس .۳۰ .c ۔ رسٹاکس .c.۳۰ ۔ کاسٹیکم .c.۳۰ ان ۳ ادویہ کو مرکب نہ کیا جائے۔ بلکہ الگ الگ رکھا جائے۔

حصہ اوّل ۔ کی فی خوراک ۵ قطرے پانی میں ملا کر صبح سے شام تک روزانہ ۴ خوراکیں استعمال کریں۔ اور اس کی خوراک کے پندرہ منٹ کے بعد حصہ دوم استعمال کرایا جائے۔

کالی فاس صبح کو۔ رسٹاکس دوپہر کو۔ اور کاسٹیکم شام کو دی جائے۔

اکسیر شقیقہ ۔ سمی سی فیوگا ×۳ ۔ ایرس ×۳ ۔ سنگوئی نیریا ×۳ ملالیں ۔ ۳ قطرے ہر دو گھنٹے کے بعد تازہ پانی میں ملا کر دیں۔ اسپرین اور ساریڈان سے زیادہ مؤثر ہے۔

سر درد ۔ بیلاڈونا .۳ کی ۲ خوراک دیں ۔ اس کے بعد سنگوئی نیریا .۳ اور سپائی جیلیا .۳ ۔ ۲، ۲ خوراک باری باری دیں۔

انفلوائنزہ کا مجرب ترین نسخہ، یاد رکھئے اس سے بہتر نسخہ آپ کو کسی طب میں نہ مل سکے گا۔

فیرم فاس × ۶۔ کالی میور × ۶۔ نیٹرم سلف × ۶۔ نیٹرم میور × ۶ مرکب بنالیں اور مرض کی کمی یا زیادتی کے لحاظ سے اسے استعمال کریں۔ کم از کم ۴ خوراک روزانہ استعمال کرانے سے ضرور آرام آئے گا۔

بواسیر ناک کی۔ ٹیوکریم پرم ویرم مدر ٹنکچر اکسیر سے کم نہیں ہے۔

رسولی " " " " " "

زکام یا نزلہ۔ فیرم فاس × ۶۔ کالی میور × ۶۔ نیٹرم میور × ۶ مرکب استعمال کرائیں یا جسٹیشیا مدر ٹنکچر بے حد مفید ہے۔

مزمن نزلہ۔ کمزور انسانوں میں۔ آرسنک آیوڈائیڈ × ۳ بقدر ایک رتی۔ دن میں تین بار استعمال کرائیں۔

نکسیر (۱) فیرم آیوڈائیڈ × ۳ (۲) ملی فولیم مدر ٹنکچر (۳) فیرم فاس × ۶ اور چائنا ۳۰ کا مرکب۔

ان تین نسخوں میں جونسا نسخہ استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ بیرونی طور پر جرنیم میکولیٹم مدر ٹنکچر فاس پنبہ تر کرکے نتھنوں میں رکھیں۔ ایک منٹ میں نکسیر رک جائے گی۔

چھینکیں کثرت سے آئیں تو سباڈلا ۳۰ استعمال کرائیں۔
نزلے کے بعد سونگھنے کی قوت جاتے رہنا۔ مگنیشیا میور ۶ دیں۔
نزلے سے گلہ بیٹھنا۔ کاسٹیکم ۳۰ مفید ہے۔
ناک میں پھنسی۔ ہیپر سلفر ۳۰ استعمال کرائیں۔
ایڈی نائیڈز۔ ناک اور گلے کے مقام اتصال پر ٹشوز کا بڑھ جانا۔ جس سے سانس لینے میں مشکل پیش آئے۔ اگریفس تو ئنز اس کے لئے بہترین دوا ہے۔

انفلوائنزہ۔ نزلہ۔ زکام کے لئے مرکب نسخہ لاجواب اکسیر
برائی اونیا × ۶۔ یوپی ٹوریم پرف × ۳۔ جلبی منم × ۳ تینوں ہم وزن ملاکر۔ مقدار خوراک ۵ بوند ہمراہ آب تازہ!

آشوب چشم۔ یوفریزیا × ۳۔ فیرم فاس × ۳ باری باری ۲-۲ خوراک دیں ایک ہی دن میں فائدہ ہوگا۔
آشوب چشم کیلئے لوشن۔ یوفریزیا مدر ٹنکچر ۱۵ قطرے۔ فیرم فاس × ۳ ۱۵ گرین پانی ایک اونس۔ ہزاروں نسخوں سے بہتر ہے۔
آنکھ میں کوئی چیز پڑ جائے تو کاکس کگناٹی ۳۰ ایک خوراک کھانے سے

خود بخود نکل جائے گی۔

بینائی یکایک زائل ہو جائے تو جلیسی مم کو اکسیر سمجھیں اکسیر!

بھینگاپن کے لئے۔ فائی سوسٹگما ۶ استعمال کرائیں۔ ارجنٹم نائٹریکم ۲۰۰ بھی مفید ہے۔

دِلوندی۔ دن کو نظر نہ آنا۔ باتھ روپس ۳۰ مفید ہے۔

رتوندی۔ فائی سوسٹگما مفید ہے۔ کونیم ۳x اور نکس وامیکا ۳x باری بے حد مفید ہے۔

پیپ آنکھوں میں۔ ہیپر سلفر ۱۰۰۰ ایک خوراک دے دیں۔

گوہانجنی نکلنا۔ پلسٹیلا ۳۰ اور سٹیفی سیگریا ۳۰ باری باری ۲-۲ خوراک دیں۔ ایک ایک دن میں زائل ہو جائے گی۔

اگر پک جائے تو ہیپر سلفر ۱۰۰۰ ایک خوراک دے دیں۔

ککرے۔ ارجنٹم نائٹریکم ۱۰۰۰ ایک خوراک کھانے کو دیں اور ایپکاک مدر ٹنکچر ۱۵ بوند ڈسٹلڈ واٹر ایک اونس لوشن بنا کر دن میں ۳ بار آنکھوں میں ڈالیں اکسیر سے کم نہیں ہے۔

آنکھ کا پھولا۔ سنی ریریا میری ٹیما آنکھ میں ڈالیں اور زنکم سلف کھلائیں

ناخونہ۔ رے ٹینیا کھلائیں اور اس کا لوشن آنکھ میں ڈالیں۔

ضعفِ بصر۔ کثرت مباشرت سے۔ ایسڈ فاس مدر ٹنکچر دیں۔ عام ضعف بصر میں کالی فاس ۶x۔ کلکیریا فاس ۶x ملا کر استعمال کرائیں۔

نقص بصر۔ دُور کی چیز نہ دکھائی دے۔ فائی سوسٹگما ۳۰

باریک بینی سے نظر کمزور ہو تو — روٹا ۳
نظر نصفی داہنا حصّہ نہ دکھائی دے — لیتھم کارب ۳۰
" بایاں حصّہ " " — لائیکوپوڈیم ۳۰
" اوپر کا حصّہ " " — آرم مٹ ۳۰
" نیچے کا حصّہ " " — میوریٹک ایسڈ ۳۰
رنگ منظر نہ آئیں — سینٹو نائن ۳x

موتیا بند۔ زنکم سلف سی۔ ایم طاقت ایک خوراک یا کلکیریا فاس سی ایم طاقت ایک خوراک یا کلکیریا فلور سی۔ ایم طاقت ایک خوراک استعمال کریں۔ اور سنریریا میریٹیما سکس آنکھوں میں ڈالا کریں۔

مندرجہ بالا ۳ دواؤں میں سے کوئی سا ایک دوا استعمال کرنے سے اترتا ہوا موتیا بند رک جاتا ہے۔ نہایت اعلیٰ علاج ہے اور سنریریا سے زائل ہو جاتا ہے۔

باہمنی۔ پپوٹے سرخ ہو جائیں۔ پلکیں گر جائیں تو اسیری نم بے حد مفید ہے

آشوبِ چشم میں معمول مطب:

فیرم فاس ۶x۔ مرکری سال ۶x باری باری دیں۔

امراضِ زبان

لکنت کے لئے اکسیر نوٹ فرمالیں۔ تجربہ کرلیں۔

"سٹرامونیم۔۳۰ لاجواب چیز ہے"

کینسر زبان کا۔ کارسی نوسینیم ×۳ لاجواب دوائی ہے۔

فقدالتکلم کے لئے کینوپوڈیم ×۱ بے حد مفید ہے۔

منہ کے چھالے۔ کالی میور ×۶ سفوف منہ میں چھوڑیں۔

یا بورکس ×۳ سفوف دیں۔

آتشک کی وجہ سے مرکیوریس سال ۳۰ مفید ہے۔

معمول مطب نسخہ۔ بورکیس ×۶۔ مرکری سال ۳۰ باری باری دیں۔ منہ کے چھالے دور ہوں گے۔

امراضِ لثہ

مسوڑھوں سے پیپ آنا۔ کلکیریا سلف ×۳ اور سلیشیا ×۱ ۳۔۳ خوراک باری باری استعمال کرائیں۔

پھوڑا مسوڑھوں کا۔ ہکلا دا ۳۰ اس کا عظیم علاج ہے۔

ریشے دار گومڑ مسوڑھوں میں ۔ لیک کینتھم ۳۰ استعمال کرائیں۔
خون نکلنا مسوڑھوں سے ۔ مرک سال ۳۰ نہایت مفید ہے۔

پایئوریا کا عمدہ ترین نسخہ

سلیشیا ×۳ ۔ کلکیریا فلور ×۳ ۔ کلکیریا سلف ×۳ ملاکر دن میں ۴ پڑیاں استعمال کرائیں ۔

بواسیر الاذن ۔ تھوجا مدر ٹنکچر کھلائیں اور پنبہ اس میں تر کرکے اندر لگائیں

بہراپن ۔ کائی رینتھس کائی ری مدر ٹنکچر ۲ قطرے فی خوراک روزانہ کھلائیں

بہراپن سردی سے ۔ پلسٹیلا ۳۰ بے حد مفید ہے۔

بہراپن چوٹ کے باعث چائنا سلف ۳۰ اکثر مفید رہے گا۔

پھوڑا کان کا ۔ مرکیورس سال ۳۰ ۔ بیلاڈونا ۳۰ باری باری دیں۔

بہنا کان کا ۔ سیلیشیا ×۶ کھلائیں یا ہیپر سلفر ۲۰۰ اور سیلیشیا ۲۰۰ دو دو خوراک باری باری دیں۔ بے حد مفید رہے گا۔

درد کان کا ۔ پلانٹیگو (مدر ٹنکچر) کان میں نیم گرم ڈالیں اور فیرم فاس ×۳ کھلائیں۔

درد کان بچوں میں ۔ کیمومیلا ۳۰ مفید ہے۔

دردِ کان کا مجرّب نسخہ۔ بیلاڈونا مدر ٹنکچر۔ پلسٹیلا مدر ٹنکچر ۱۰-۱۰ بوند گلیسرین ۲۰ بوند ملالیں - اور کان میں ڈالیں۔ بے حد مفید ہے۔

امراضِ گوش کا معمول مطب نسخہ:

دن کو پلسٹیلا ۳۰ اور کیموسیلا ۳۰ باری باری دیں۔

رات کو سلیشیا ۲۰۰ کی ایک خوراک سوتے وقت دیں۔

امراضِ حلق و گردن

کوّا بڑھ جائے۔ برائٹا کارب ۳۰ یا کلکیریا فاس ۳x استعمال کریں۔ اور بیرونی طور پر کلکیریا فلور ۲x - ۱۰ اگرین گلیسرین عمدہ ایک ڈرام ملاکر اندر لگائیں۔

گلے کے مزمن زخم۔ کلکیریا فاس ۳x ازحد مفید ہے۔

گلا بیٹھنا۔ نزلہ سے کاسٹیکم ۳۰ اکثر اچھے اثرات دکھائے گا۔

" مقرّرون اور گویّوں کا۔ آرنیکا ۳۰ مفید ہے۔ مگر میرے تجربہ میں اپیکاک ۳۰ بہت ہی سریع الاثر ہے۔

" دھوپ یا گرمی کے باعث انیٹم کروڈ ۳۰ مفید ہے۔

ورم لوزتین۔ فیرم فاس ۳x۔ کالی میور ۳x ملاکر دیں۔

گھبگھا کے لئے اکسیر۔ تھائی روڈینم ۳x - ۲ گرین روزانہ؛

گھیگھا سخت ۔ ایوڈیم ۳۰ مسلسل استعمال کرائیں ۔ یا سپونجیا ۳۰
یا ۲۰۰ دیا کریں ۔

خناق کا شافی نسخہ ۔ اول ۲ پڑیاں ایکونائٹ ۲۰۰ سفوف پھر ۲ پڑیاں
سپونجیا ۲۰۰ سفوف ۔ پھر ایک پڑیہ ہیپر سلفر ۲۰۰ سفوف ہر چار چار گھنٹے
کے بعد ؛
بس اللہ شافی مطلق زندگی بچالے گا ۔ اکسیر سے کم نہیں ہے ۔

خنازیر کے لئے انتخاب دوائی

ٹیوبرکیولینم ۲۰۰ ہفتہ وار ایک خوراک دیا کریں ۔
اور سکروفیولیریا مدر ٹنکچر ایک بوند فی خوراک دن میں ۴ بار روزانہ
استعمال کرائیں ۔ دس بارہ دن میں کلی آرام ہوگا ۔ اس نسخہ کی قدر کریں ۔

نرخرہ کی سوجن ۔ بیلاڈونا مفید ہے سپونجیا ۔ ۳ بھی مفید ہے ۔

حنجرہ کی سل ۔ مزاجی علاج کریں ۔ بیسی لینم ۲۰۰ مفید ہے ۔

نرخرہ کی جھلی دار سوجن (کروپ) سپونجیا ایکونائٹ اور ہیپر سلفر باری
باری دیں ۔ پہلے ایکونائٹ پھر سپونجیا پھر ہیپر سلفر ۔

ورم غدود ۔ گلے پڑنا ۔ مرکیورس سال اور بیلاڈونا باری باری مفید ہے

امراضِ ریّہ

پھیپھڑوں کی پتھری۔ کھانسی کے وقت کیلشیم کے گیٹے نکلیں تو کلکیریا کارب ۳۰ دیں۔

پھیپھڑوں سے خون آنا۔ فیرم ایسی ٹیٹ ۳× ازحد مفید ہے۔

نمونیا کے لئے اکسیر۔ فاسفورس ۳۰ برائی اونیا ۳۰ باری باری دیں۔ یا فیرم فاس ۶× ۔ کالی فاس ۶× ۔ کالی میور ۶× ملا کر دیں۔

دمہ کے لئے لاجواب دوا۔ کالی فاس ۳× ۔ لیگ فاس ۳× ملا کر دورہ کے وقت ہر ۱۵ منٹ کے بعد دیں اور عام طور پر صبح شام دینے سے دمہ دور ہو جاتا ہے۔

پلورسی۔ کے لئے ایکونائٹ ۳۰ اور برائی اونیا ۳۰ باری باری دیں۔

سِل کے لئے شافی علاج

(۱) بیسی لینیم ۲۰۰ ہفتہ وار ایک خوراک

(۲) آرسنگ آیوڈائیڈ ۳× سفوف ۲ گرین فی خوراک اور فیرم فارس ۶× سفوف ۵ گرین فی خوراک باری باری ۲۔۲ خوراک پانی سے دیں۔

۲ ماہ یہ دوا استعمال کرانے سے انشاء اللہ سل کا مریض بچ جائے گا۔

کالی کھانسی کے لئے کسٹینا وسکا مدر ٹنکچر ۵ قطرے فی خوراک ۲ خوراک

روزانہ بے حد مفید ثابت ہوگا۔

یا ڈر وسرا ۳۰ اور فیرم فاس × ۶ باری باری ۲-۲ خوراک ،

خسرہ کے بعد کالی کھانسی۔ کیمو میلا ۳۰ مفید ہے۔

کھانسی کے وقت پیشاب نکل جائے۔ کاسٹیکم ۳۰ مفید ہے۔

کھانسی عام۔ فیرم فاس × ۳ ۔ کالی میور × ۳ ۔ کالی سلف × ۳ نیٹرم میور × ۶ میگ فاس × ۶ ملا کر استعمال کرائیں۔

نفث الدم۔ اپیکاک ۳۰ ۔ ملی فولیم ۳۰ باری باری دینا از بس مفید ہے۔ فیرم فاس × ۶ بھی بہترین دوا ہے۔

کھانسی کے لئے معمول مطب :-

جسٹیشیا ۳۰ ۔ اور نیٹرم میور × ۶ نزلہ زکام کے لئے باری باری

خشک کھانسی کے لئے ڈروسیرا × ۳ ۔ سپونجیا × ۳ ۔ ہائیوسائمس × ۳

مرکب بنا کر دیں۔ حد درجہ مفید ہے۔

امراضِ قلب

دل کے لئے اکسیر دوا۔ کریٹی گس مدر ٹنکچر

دل دھڑکن جو باہر سے نظر آئے۔ سپائی جیلیا ۳۰ استعمال کریں۔

درد دل کا شافی علاج۔ لیٹروڈکٹس میکٹنس ۶ طاقت۔

دل کی حرکت بند ہونے کا خدشہ نبض سست ہو۔ ڈیجی ٹیلس ۳۰ استعمال کریں'
بے ہوشی کے لئے سو فیصد مجرّب۔ ایمل نائٹریٹ مدر ٹنکچر ۲ قطرے کر رومال پر ڈال
کر سنگھائیں۔ یہ دوائی دل کے دورے کے لئے بھی اکسیر ہے۔
دل دھڑکن کی اکسیر۔ کریٹی گس مدر ٹنکچر
اکسیر قلب مرکب۔ یہ دوا دل کی تمام بیماریوں کا تریاق ہے۔ اس سے دل
کی دھڑکن اور دل ڈوبنا درست ہو جاتا ہے۔ دل کے فیل ہونے کا خطرہ نہیں رہتا۔
کریٹی گس۔ ایک ڈرام۔ کیکٹس۔ ایک ڈرام۔ ملا کر چار قطرے تازہ
پانی میں ہر ۵ گھنٹے کے بعد استعمال کریں۔ انشاء اللہ صحت رہے گی۔

●

امراضِ جگر و طحال و پتّہ

استسقاء حادثہ میں پیاس نہ ہو' ایپس ۳۰ طاقت بہت مفید ہے۔
" ورم گردہ کے سبب سے ہو' تو " " "
" جگر کی خرابی سے ہو تو ایپوسائینم مدر ٹنکچر استعمال کریں۔
" دل کی عضوی تکلیف سے ہو تو آرسنک آیوڈائیڈ ۳x دیں۔
جگر میں پھوڑا۔ مرکیورس سال ۳۰ اور بیلاڈونا ۳۰ باری باری دیں۔
کمی خون کے لئے مجرّب نسخے:
(۱) فیرم فاس۔ نیٹرم میور۔ کلکیریا فاس۔ کالی فاس ہر واحد ۶x یا ۳x

ملاکر دن میں ۴ بار تازہ پانی سے دیا کریں۔

(۲) چائنا ۳۰۔ فیرم فاس ۳x باری باری دیا کریں۔

یرقان کے لئے اکسیریں

(۱) فیرم فارس ۳x۔ نیٹرم سلف۔ کالی میور مرکب ۳x، ۳ خوراک روزانہ دیں
کارڈوس مریانس مدر ٹنکچر ۳ خوراک روزانہ۔ ہر دو ادویہ ۳۔۳ خوراک
باری باری استعمال کرائیں۔ ایک ہفتہ میں یرقان دُور ہو جائے گا۔

(۲) رات کو نیم گرم پانی میں چیلی ڈونیم مدر ٹنکچر ۵ قطرے پلایا کریں۔
اور صبح کو ہائیڈراسٹس مدر ٹنکچر ۵ قطرے تازہ پانی میں ملا کر پلایا کریں۔

سرطانِ جگر کے لئے ہائیڈراسٹس مدر ٹنکچر کو بمنزلہ اکسیر سمجھیں۔

جگر اور تلی دونوں کا بڑھ جانا۔ کارڈوس مریانس مدر ٹنکچر نہایت مفید ہے۔

طحال کا بڑھ جانا۔ سی اونوتھس مدر ٹنکچر اور چائنا ۳۰۔ ۲۔۲ خوراک
باری باری روزانہ دیا کریں۔ نہایت مفید نسخہ ہے۔

پتّے کی پتھری کا شاہی علاج

ایم۔ اے۔ سی۔ پوڈر استعمال کریں۔
یعنی مرکیورس ڈلس ۶x ایک خوراک پہلے دیں۔ اس کے ۳ گھنٹے بعد ایٹرم دیں
سلف ۶x دیں۔ پھر کولسٹرینم ۶x دیں۔ ۳۔۳ گھنٹے کے بعد اس دوا کو دہرائیں
دو دنوں کے اندر اندر پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی یا تحلیل ہو جائے گی۔

جگر کے جملہ عوارضات کے لئے نیٹرم سلف ۶x بے حد مفید ہے۔

سبز بھبس کے لئے۔ پلسٹاٹیلا ۳۰ دیں۔ نیرم فاس ۶x مفید ہے۔

درد جگر کے لئے۔ ایم۔ اے۔ سی۔ پوڈر بے حد مفید ہے۔

امراضِ معدہ و امعاءٔ

سرطانِ معدہ کا عظیم علاج ۔ ہائیڈراسٹیس مدر ٹنکچر ہے۔
فمِ معدہ کمزوری کا احساس ۔ اکیٹا ریسی موسا ۔۳۰ مفید ہے۔
پیٹ میں زندہ جانور کا احساس ۔ تھوجا ۔۳۰ استعمال کریں۔
بھوک کی خرابی ۔ نمکین چیزوں کی طلب ہو تو کلکیریا کارب استعمال کریں۔
" " کھٹی " ہیپر سلفر دیں۔
" نہ ہو مگر کھاتے وقت لگ جائے تو چائنا ۔۳۰ استعمال کریں۔
" لگے مگر ۲ لقموں سے بھوک مر جائے تو لائیکو پوڈیم ۔۳۰ اکسیر ہے۔
" کتے کی طرح یا جوع البقر ۔ آیوڈیم ۔۳۰ نہایت مفید ہے۔
گوشت سے نفرت ہو تو کلکیریا کارب ۔۳۰ دیا کریں۔
بھوک کا مر جانا ۔ کسی مرض کے بعد ۔ جنشیا یا × ۳ مفید ہے۔
معدے میں خالی پن کا احساس ۔ اگنیشیا دیا کریں۔
کھانا کھانے سے چہرہ سُرخ ہو جانا ۔ نکس وامیکا ۔۳۰ بہت اچھا رہے گا۔
ہزال المعدہ کے لئے بھی نکس وامیکا نہایت مُفید ہے۔
ہچکی کے لئے ۔ جنسنگ مدر ٹنکچر دیں ۔ ملیریا کے بعد ہو تو نیٹرم میور × ۶ دیں
ہسٹیریا کے باعث ہو تو اگنیشیا دیں۔
زخم معدہ کے لئے ۔ اٹروپین سلف × ۳ سے بہتر اور کوئی دوا نہیں ہے۔

ورم معدہ کے لئے۔ ہائیڈراسٹس مدر ٹنکچر کو اکسیر سمجھیں۔

کھٹی ڈکاروں میں بلاسوچے سمجھے نیٹرم فاس ۶ × استعمال کریں۔

بدہضمی گرمی کے موسم میں ہو تو برائی اونیا ۳۰ دیں۔

بدہضمی کے لئے نسخہ:

نیٹرم سلف ۲۰۰ اور کالی میور ۲۰۰ ایک ایک خوراک ۲-۲ گھنٹے کے بعد دیں

یا سلفر ۳۰ اور نکسوامیکا ۳۰ باری باری ۲-۲ خوراک دیں۔

غذا کا مزا کڑوا ہو۔ تو چائنا ۳۰ اور پلسٹیلا ۳۰ باری باری دیں۔

" سے بدبو آئے تو کالی کنم ۳۰ اکسیر سے کم نہیں۔

درد قولنج۔ میگ فاس ۳× ، کالوسنتھ ۳× باری باری دیں۔

ہیضہ ابتدائی۔ کیمفر ربنی مدر ٹنکچر ۵ قطرے فی خوراک بہت مفید ہے۔

" میں تشنج ہو جائے۔ کیوپرم مٹ ۳۰ یا کیوپرم ایسی ٹیٹ ۳× بہت بہتر۔

" میں بظاہر مردہ معلوم ہو۔ ہائیڈروسیانک ایسڈ ۲۰۰ دیں۔

کابوس کے لئے نکسوامیکا مفید ہے۔

نفخ شکم ناف کے اوپر۔ کاربوویج ۳۰ یا ۲۰۰ دیں۔

" " کے نیچے۔ لائیکوپوڈیم ۳۰ یا ۲۰۰ استعمال کریں۔

" سارے پیٹ میں۔ چائنا ۳۰ نہایت مفید ہے۔

" بہت سخت۔ اسافیٹڈا ۳۰ یا ریفینس ۳۰ مفید ہے۔

قے کے لئے عام طور پر اپیکاک ۳۰ مفید ہے۔

قبض کے لئے۔ سلیکا مارنیکا ۳× مفید ہے۔

یا برائی ادنیا ۔۳ اور نکسوامیکا ۳۰ باری باری استعمال کریں۔

قبض سفر میں ہوجائے تو پلاٹینا ۳۰ استعمال کریں۔

کانچ نکلنا۔ پوڈوفائیلم ۳۰ دیں یا فیرم فاس ×۶ دیں۔

یا ہر دو ادویہ باری باری دیں۔

بھگندر کے لئے اکسیر۔

سلیشیا ×۶ اور کلکیریا فلور ×۳ باری باری یا ملا کر دیں۔

پیچش کے لئے مفید نسخے۔

(۱) مرکیورس سال ۳۰۔ کالوسنتھ ×۳ باری باری دیں۔

(۲) کالی فاس ×۶۔ کالی میور ×۶۔ میگ فاس ×۶ ملا کر دیں۔

(۳) پرانی پیچش کے لئے وکسینٹم ×۳ بے حد مفید ہے۔

اسہال کے لئے نادر نسخے؛

(۱) چائنا ۳۰۔ اور کلکیریا کارب ۳۰ باری باری استعمال کریں۔

(۲) فیرم فاس ×۶۔ کلکیریا فاس ×۶۔ کالی فاس ×۶۔ نیٹرم فاس ×۶ مرکب بنا کر استعمال کریں۔

معدی! پیٹ درد۔ انتڑیوں کے قولنج۔ گردے کا درد کا مشہور دوا ہے۔ ہومیوپیتھی کا امرت دھارا ہے۔ کالوسنتھ ۴منم۔ ڈائسکور ×۶ ۴منم۔ مگنشیا فاس ×۶ ایک ڈرام نکسوامیکا ۲۰ قطرے۔ یہ ۵ خوراک کا وزن ہے۔ پانی میں ملا کر دیں۔

کدو دانوں کے لئے (۱) فیلکس ماس مدر ٹنکچر اکسیر ہے۔

(۲) نیٹرم فاس ×۶ اور سائنا ۳۰ باری باری دیں۔

سوتی کیڑے

(سیوکان) (۱) ٹیوکریم مدر ٹنکچر از حد مفید ہے۔

(۲) سینٹونائن ×۱ کھلا کر کسٹرائیل پلا دیں۔ ایک ہی دن کیڑے نکل جائیں گے۔

اپنڈے سائی ٹس

(ورم انڈہ اعور) نایاب نسخے پیش خدمت ہیں:-

ایک اصولی اور شافی نسخہ پیش ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے قطعاً ناامیدی نہیں ہوتی نہایت ہی شافی اصول ہے ضرور اپنائیں؛

بیلاڈونا ×۳۔ ۴ خوراک۔ مرکیورس سال ×۳۔ ۲ خوراک یہ ۶ خوراک روزانہ دیں۔ چار دن دیکر پھر پانچویں دن سلف ۳۰ صبح اور نکسوامیکا ۳۰ شام کو دیں۔ اور ساتویں دن مرکیورس سال اور بیلاڈونا ۲۰۰ طاقت کی ایک ایک خوراک کھلا دیں۔ اگر آنت گل سڑ بھی گئی ہو تب بھی درست ہو جائے گی اور جملہ عوارضات دور ہو کر صحت کاملہ حاصل ہو جائے گی۔ اوپریشن سے نجات دلانے والا اصول ہے۔ اس کی قدر کریں۔

(۲) پلمبم آیوڈائیڈ ×۳ بھی مفید ہے۔

(۳) آئرس ٹنکس ۶ طاقت اکثر فائدہ دکھاتی ہے۔

(۴) آخری درجہ میں جب کہ آنت گلنے کا امکان ہو۔ لیکسس ۲۰۰ بے خطا دوا ہے۔

ہرنیا کے لئے اصول علاج

(۱) نکسوامیکا ×۱ روزانہ ۴ خوراک دیا کریں۔

(۲) داہنے طرف کے ہرنیا کے لئے لائیکوپوڈیم ۲۰۰ کو فراموش نہ کریں۔

(۳) ہرنیا اتر آئے اور پھنس جائے تو ایسکولس ہپ × ۱ اکسیر سے کم نہیں۔

(۴) ایک دن لائیکوپوڈیم ۲۰۰ اور دوسرے دن کالی میور ۲۰۰ دیا کریں۔ بہت اچھا نسخہ ہے۔

(۵) ہرنیا پھنس جائے اور آنتوں کا مواد منہ کے راستے سے نکلنا شروع ہو جائے تو کیوپرم مٹ ۲۰۰ طاقت کو تائید غیبی جانیں۔

بواسیر کے لئے اکسیری نسخہ

کلکریا فلور × ۶ اور سلیشیا × ۶ مرکب بنالیں اور ۶ خوراک روز پانی سے کھلائیں۔ بے حد مفید ثابت ہو گا۔

دق الامعاء کیلئے جاں بخش اکسیریں

پہلا نسخہ اکسیر سے کم نہیں۔

(۱) سارسپریلا ۱۸ طاقت۔ ایلوز ۶ طاقت۔ کالچی کم ۱۲ طاقت پہلے سارسپریلا ایک ہفتہ تک ۴ خوراک روزانہ کھلائیں۔

پھر ایک ہفتہ تک ایلوز پھر کالچی کم۔ یہ ایسی چیز ہے کہ دق الامعاء کا مریض نئی زندگی حاصل کر سکتا ہے۔ اس نسخہ کی قدر کریں۔ قابل توجہ چیز ہے۔

(۲) قبض ہو تو پلمبم مٹ × ۶ سفوف استعمال کریں۔ ۳ خوراک روزانہ حد درجہ مفید ثابت ہو گا۔

مشکمی (مرکب دوائی) دائمی قبض۔ سوء ہضم۔ درد شکم۔ معدہ کی ریاحی تکالیف کا ایک ہی شافی علاج: کاسکارا سگریڈا ۲ ڈرام۔ نکس وامیکا ایک

ڈرام ۔ برائی اونیا۔ ایک ڈرام ۔ رہامنس کیتھر ٹیکس ۔ ایک ڈرام ملا کر
۳ قطرے تازہ پانی میں ۳ بار روزانہ ۔

بواسیر کے لئے ۔ نادر اکسیر مکمل کورس :

ایسکولس ہپ ۲ ڈرام ۔ کاسکارا ساگراڈا ایک ڈرام ۔ پسپاناکیولنس ایک ڈرام ۔ نگوئڈیم ۔ امریکانہ ۲ ڈرام ۔ نکس وامیکا ½ ڈرام ملالیں ۔ چار قطرے خوراک !

امراضِ گُردہ و مثانہ

پیشاب سردی سے رک جائے تو کیمفر مدر ٹنکچر ایک خوراک سے کھل جاتا ہے
" میں خون کی آمیزش ہو تو ۔ ٹیری بن تھینیا ۳۰ استعمال کریں ۔
یا ملی فولیم مدر ٹنکچر یا ہیمامیلس مدر ٹنکچر اکثر مفید ثابت ہوں گے ۔

پیشاب کا زہر ۔ کیوپرم آرس ۲ x انتہا سے زیادہ مفید ہے ۔
" **بند** سلفر ۳۰ استعمال کریں ۔
" " **بچوں میں** ۔ ایکونائٹ ۳۰ دیں ۔
" **کی حاجت ہی نہ ہو** ۔ مثانہ کا فالج ہو تو اوپیم ۳۰ بہت مفید ہے ۔
" **بند** ۔ کسی حادثہ یا تیز بخار یا کسی حاد مرض کے سبب تو فیرم فاس ۶ x دیں
" **میں سُرخ ریت** کا رسوب ہو تو لائیکو پوڈیم ۲۰۰ اکسیر ہے ۔
" **سفید فاسفیٹ** کا رسوب ہو تو ایسڈ فاس مدر ٹنکچر یا کلکیریا فاس

بے حد فائدہ مند ہے۔

پیشاب خطا ہو جانا رات کے وقت۔ رس ایرومیٹک مدر ٹنکچر ۲ بوند فی خوراک استعمال کریں یا بیلاڈونا ۔ ۳۰ استعمال کریں۔

پیشاب بند غدّہ قدامیہ کی سوزش سے بیبل سیرولیٹا مدر ٹنکچر مفید ہے یا ڈیجی ٹیلس استعمال کریں۔

پیشاب کی تکالیف غدّہ قدامیہ کی سورج جانے کے باعث چیما فیلا مدر ٹنکچر مفید ہے۔

پیشاب کی کثرت میں استسقاء ہو تو آرسنکم البم ۳۰ یا ۲۰۰ دیں۔

" " " (کوما) سبات ہو جائے تو اوپیم ۲۰۰ کو فراموش نہ کریں

ذیابیطس شکری کے لئے لاجواب نسخے

(۱) ایسڈ فاس مدر ٹنکچر بے حد مفید ہے۔

(۲) نیٹرم سلف ۳x ۔ نیٹرم فاس ۳x ملا کر استعمال کرائیں۔ انسولین کے ٹیکے کا بدل ہے۔

(۳) سائی زی جیم مدر ٹنکچر نہایت مفید ہے۔

ذیابیطس میں ہاضمہ خراب۔ یورینم نائیٹریکم مدر ٹنکچر بہت مفید ہے

پیشاب کا خود بخود دن کو نکلنا۔

(۱) مگنیشیا فاس ۳x لاجواب اکسیر ہے۔

(۲) فیرم فاس ۳x مفید ہے۔

(۳) کاسٹیکم ۳۰ یا ۲۰۰ کو فراموش نہ کریں۔

سوزاک کے لئے معمول مطب نسخے

(۱) نیٹرم سلف × ۳ - ۴ بار دن میں اور تھوجا ۳۰ ایک خوراک روزانہ

(۲) مرکیورس سال ۱۰ - ۱۲ دن استعمال کریں اور پھر ہیپر سلفر دیں۔

(۳) شدید درد اور تکلیف میں مرکیورس کار ۳۰ اور ایکونائیٹ ۳۰ - باری باری دیں۔

(۴) میرے تجربہ میں کینے بس انڈیکا ایک لاکھ طاقت ایک خوراک کھلائیں اور اس کے ایک ہفتہ کے بعد مرکیورس کار ایک لاکھ طاقت ایک خوراک کھلادیں۔ ہیپ گاڑھی ہو تو ایک ہفتہ کے بعد پلسیٹیلا ایک لاکھ طاقت کھلائیں۔ ان ۳ خوراکوں سے بڑے سے بڑا سوزاک دور ہوجائے گا انشاء اللہ!

دردِ گردہ کا شافی علاج

(۱) بیلاڈونا ۳۰ اور کیموسیلا ۳۰ باری باری دیں۔

(۲) کلکیریا کارب ۲۰۰ فوری اثر دوائی ہے۔

(۳) بربیرس ولگرس مدر ٹنکچر بہت اچھا فائدہ کرتا ہے۔

درد مثانہ پتھری نکلتے وقت۔ بربیرس ولگرس مدر ٹنکچر کو معجزہ سمجھیں

مثانہ کی پتھری کا سو فیصد مجرّب علاج

اپی جائیز مدر ٹنکچر ۲ سے ۵ بوند فی خوراک ۲ خوراک روزانہ اور کینتھرس × ۳ - ۲ خوراک روزانہ استعمال کریں۔ پتھری ٹوٹ کر نکل جائے گی۔

ورم گردہ - فیرم فاس ۶x - کالی میور ۶x ملا کر دیں ۔

پتھری توڑ :

ایک ایسا نسخہ پیش کیا جا رہا ہے ۔ جو پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے باہر نکال دیتا ہے ۔ درد گردہ کو صرف ۵ منٹ میں درست کر دیتا ہے ۔ یہ دوا ہومیو پیتھی طب کا معجزہ ہے ۔

سرکنڈا جس کی قلمیں بنائی جاتی ہیں ۔ تازہ پودے کی ایک چھٹانک جڑیں حاصل کریں ۔ پانی سے صاف کر لیں ۔ اور چاقو سے کاٹ کر بوتل میں ڈال دیں ۔ اس میں ½ پاؤ ڈائیلوشن (الکوحل) ڈال دیں ۔ بارہ روز کے بعد اس کو پن چھان لیں ۔ یہ مدر ٹنکچر تیار ہے ۔

سرکنڈا مدر ٹنکچر ۴ ڈرام ۔ بربیرس ولگیرس ۴ ڈرام ۔ لائیکوپوڈیم ۴ ڈرام ۔ کینتھرس ۲ ڈرام ۔ سیبل سیرولیٹا ۴ ڈرام ملا لیں ۔

مقدار خوراک ۵ سے ۱۰ بوند ہر ۲-۳ گھنٹے کے بعد دیں ۔

اگر پتھری نکالنا مقصود ہو ۔ تو ۴ خوراک روزانہ دیں ۔

بندش بول کے لئے لاجواب ہے ۔ بوڑھے مریضوں مرلضہ غدہ قدامیہ کے بڑھ جانے اور متورم ہو جانے کے باعث پیشاب رکنے کے لئے اکسیر سے کم نہیں ؛

احتلام کثرت سے ۔ بھوجا مدر ٹنکچر ۵ بوند رات کو پانی میں ملا کر دیں۔

احتلام اور جریان کا مجرّب نسخہ:

چائنا ۳۰۔ ایسڈ فاس ۳۰۔ باری باری دیں۔

جلق کی عادت دُور کرنے کے لئے مجرّب ترین دوائی اوری گیتم مدر ٹنکچر ہے۔ آستی لاگو مدر ٹنکچر بھی اس امر کے لئے اکسیر ہے۔ مردوں اور عورت ہر دو نوع کے لئے مجرّب نسخے ہیں۔

اغلام کی عادت دُور کرنے کے لئے ۔ ایسڈ فاس مدر ٹنکچر نہایت مفید ہے

باہ کو تحریک دینے والی دَوا سٹر کنیا فاس ×۳ اور ڈمیانہ مدر ٹنکچر باری باری ۲-۲ خوراکیں روزانہ دیں۔

رقتِ منی کے لئے ۔ ایسڈ فاس مدر ٹنکچر مفید ہے۔

منی اٹھتے بیٹھتے خارج ہو۔ سیلینئم ۳۰ مفید ہے۔

عورت کو دیکھ کر انزال ہو جائے۔ کونیم ۳۰ مفید ہے۔

کنواروں کی نامردی کے لئے

" " " "

بوڑھوں " " " لائیکوپوڈیم ایک لاکھ طاقت کی صرف ایک ہی خوراک کافی ہوتی ہے۔

نیند میں ایستادگی اور جاگنے پر نامردی۔ اوپیم ۲۰۰ مفرد دیں۔

ہر رات کو احتلام ہو جائے۔ نیٹرم فاس ۶x ضرور دیں۔

نامردی کا اکسیر نسخہ:

اگنس کاسٹس	ایسڈ فاس	فاسفورس
سلیکس نائیگرا	ایونا سٹائیوا	یوہیم بینم
الفلفا	ڈامیانہ	

یہ آٹھ ٹنکچر ملاکر قوتِ باہ کا تریاق تیار ہے۔

فی خوراک ۵ قطرے تازہ پانی میں دن میں ۳ بار بعد از غذا؛

امراضِ مستورات

اسقاط حمل کی عادت دُور کرنے کے لئے:

آلٹرس فیری نوسا مدر ٹنکچر۔ اور وائی برنم مدر ٹنکچر ایک ایک اونس ملائیں اور اس مرکب ۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تازہ پانی میں ملائیں ایک ماہ تک استعمال کرائیں۔ جن مستورات کے حمل ۳ ماہ یا چھ یا ۷ ماہ میں گر جاتے ہیں اُن کے لئے یہ حیات بخش علاج ہے۔ آئندہ اسقاط نہ ہوگا۔

استحاضہ کے لئے اکسیر:

ہیمے میلس مدر ٹنکچر۔ چائنا مدر ٹنکچر ملاکر ۳ خوراک روزانہ۔ دس بوند فی خوراک؛

اکسیرِ نسواں :

زیادتی و کمیٔ ایّام۔ سیلان الرحم۔ بانجھ پن۔ کمزوریٔ رحم کے لئے واحد اکسیر۔ اس سے بہتر نسخہ روئے زمین پر ملنا محال ہے۔ بانجھ پن کے لئے حد سے زیادہ مفید ہے۔ عورتوں کو نئی جوانی طاقت اور توانائی بخشنے والی اکسیر ہے۔

اشوکا مدر ٹنکچر۔ اسو گندھا مدر ٹنکچر۔ آلٹرس فری نوسا مدر ٹنکچر۔ ہیلونیاس مدر ٹنکچر۔ ہموزن ملاکر۔ ۱۰ بوند ۳ بار روزانہ پانی میں ملاکر دیں۔

اسقاط حمل کا خطرہ ہو :

توتوائی برنم مدر ٹنکچر ۵ بوند فی خوراک اور سابائنا ×۲ ڈیڑھ ڈیڑھ خوراک روزانہ دیں۔ پہلے ہی دن تمام علامات دور ہو کر خطرہ نہ رہے گا۔ متواتر آٹھ دس دن استعمال کریں۔

الٹا حمل ہو :

بچہ آڑھا ترچھا ہو اور اوپریشن کے سوا ولادت ناممکن نظر آئے تو گھبرائیں نہیں فوراً ہی پلسا ٹیلا ۱۰۰۰ کی ایک خوراک کھلا کر ۳ گھنٹے انتظار کریں، خدا کی قدرت سے بچہ صحیح پوزیشن اختیار کر لے گا۔ انشاء اللہ

آسانیٔ وضع حمل کے لئے

بعض مستورات کے بچے اوپریشن کے بغیر پیدا نہیں ہو سکتے۔ اوپریشن میں موت اور زندگی کا سوال ہے۔ کیونکہ پیٹ چاک کر کے بچہ کو نکالا جاتا ہے

اگر آپ دورانِ حمل میں ہومیوپیتھی دوائی استعمال کرلیں گے۔ تو بعض اوقات دردِزہ تک نہیں ہوگا۔ اور بچہ پیدا ہوجاتا ہے۔

سنئیے صاحب! (۱) کالی فاس × ۶۔ روزانہ علی الصبح ایک خوراک کھلا دیا کریں اور دوران حمل میں پورے چھ ماہ تک استعمال کرانے کے بعد بالکل بے فکر ہوجائیے۔

(۲) میں نے اس مرکب کو پہلی دوائی سے بھی زیادہ مؤثر پایا جاتا ہے۔ صرف ۳ ماہ استعمال کر لینے کے بعد کسی قسم کا کوئی خدشہ نہ رہے گا۔
کالی فاس × ۶۔ کلکیریا فاس × ۶۔ میگ فاس × ۶۔ ہموزن ملا کر روزانہ ایک خوراک کھلا دیا کریں۔

بچہ فلاسفر پیدا ہوگا

اگر آپ چاہیں کہ پیدا ہونے والا بچہ فلاسفر اور عالم پیدا ہو تو دورانِ حمل میں کالی فاس × ۶ روزانہ ایک خوراک کم از کم ۶ ماہ تک ضرور کھلائیں۔ انشاءاللہ بچہ نہایت بلند دماغ اور بہت ہی اچھی صحت والا ہوگا۔

بچہ طاقتور پیدا ہوگا

جن مستورات کے بچے کمزور پیدا ہوتے ہیں یا پیدا ہونے کے بعد سوکھ جاتے ہوں۔ دورانِ حمل میں انھیں کلکیریا فاس × ۶ روزانہ ایک خوراک چھ ماہ تک کھلائیے۔ بچہ نہایت طاقت ور موٹا تازہ پیدا ہوگا۔ اور سوکھے کے عارضہ سے بالکل محفوظ رہے گا۔

اگر بدشکل ڈراؤنا بچہ پیدا ہو

جیسا کہ کبھی کبھی اخباروں میں پڑھا جاتا ہے کہ حیوانوں کی شکل کا بچہ پیدا ہُوا یا نہایت کریہہ المنظر بچہ ہوا - ایسے حالات کا خدشہ ہو تو سفلینم ۱۰۰۰ صرف ایک خوراک دورانِ حمل میں کھلا دیں. خدا کے فضل و کرم سے بچہ صحیح شکل و صورت کا پیدا ہو گا. کوئی عیب نہ ہو گا.

دشواریٔ حیض

وقتِ حیض . درد حیض کے لئے . وائی برنم مدر ٹنکچر بمنزلہ اکسیر ہے.

حیض رکنا سردی لگ کر . پلساٹیلا ۳۰ یا ۲۰۰ مفید ہے.

درد رحم کے لئے سمی سی فیوگا ۳۰ مفید ہے.

رحم ٹل جانا سیپیا ۳۰ یا ۲۰۰ نہایت بہتر علاج ہے.

رحم باہر نکلنا سیپیا ۳x اور ہیلونیاس مدر ٹنکچر باری باری.

رحم میں ہوا برومیئم ۳x استعمال کریں.

رحم کی گردن میں سختی ہو کالوفائیلم ۳x بے حد مفید ہے.

رحم میں پانی سیپیا ۳۰ یا ۲۰۰ مفید ہے.

رحم کے منہ میں سختی خصیۃ الرحم اتنا بڑا ہو جائے کہ تمام پیڑو میں پھیل جائے. اس تکلیف کے لئے آرم میور نیٹر ڈنیئم ۳x کو مت بھولیں.

حیض کی زیادتی

اپیکاک ۳۰. فیرم فاس ۶x باری باری استعمال کریں.

اس سے بہتر نسخہ تلاش کرنا فضول ہے. (۲) ٹریلیئم مدر ٹنکچر اور سبائنا ۱x

باری باری دیں۔ حد درجہ مفید ہے۔

دردِ حیض

بلساٹیلا ۳۰۔ کالوفائیلم ۳۰۔ میگ فاس ×۶ باری باری ۲-۲ خوراک روزانہ استعمال کریں (۶ خوراک روزانہ تا ایک ہفتہ)

مدرحیض علاج

اگرچہ اکسیر نسواں ہر تکلیف کے لئے موثر و مفید ہے مگر آپ کے لئے ایک خصوصی نسخہ مدرحیض لکھا جاتا ہے۔

پائی نس بر بیانا مدر ٹنکچر استعمال کرائیں۔

حیض غیر منتظم : کبھی زیادہ کبھی کم ہو تو کونیم ۳۰ یا ۲۰۰ اچھا علاج ہے۔

اکسیر نسواں : ایک نسخہ میں عورتوں کی تمام امراض کا علاج۔ حیض کی خرابیوں میں قبل ایام ماہواری ۱۵ دن استعمال کرائیں۔ بانجھ پن دور ہوگا۔

انشوکا	۲ ڈرام	آلٹرس فیروس نوسا	ایک ڈرام
اشوگندھا	ایک ڈرام	البروما اگسٹا	ایک ڈرام
گوسی پیم	ایک ڈرام		

ملائیں، ۲-۲ قطرے روزانہ ۳ مرتبہ شوگر آف ملک پر استعمال کریں!

دورانِ حمل کے عوارضات و علاج

حمل میں قے — سمی فیوری کارپس ۳۰ بے حد مفید ہے۔

حمل میں قبض ہو تو — کالن سونیا مدر ٹنکچر ۲ بوند پانی میں رات کے وقت

حمل میں بواسیر خونی ہو تو " " " ۳ خوراک روزانہ

حمل میں جھوٹے درد کالوفائیلم ×۳ بے حد مفید ہے۔
حمل میں اسہال ہوں الیسڈ فاسس ۳۰ مفید ہے۔
حمل میں شرمگاہ میں کھجلی ہو تو امبرا ۳۰ مفید ہے۔
حمل میں کوئلہ اور راکھ کھانے کو جی چاہیے تو کاربوویج ۳۰ دیں۔
حمل میں مٹی کھانے کو دل چاہیے تو کلکیریا کارب ۳۰ دیں۔
حمل میں خشک چیزیں کھانے کو جی چاہیے تو ایلومینیا مفید ہے۔
حمل کے دوران دانتوں میں درد۔ میگنشیا میور ۳۰ کی ایک خوراک کافی ہے
حمل کے دوران جھوٹے درد۔ سکیل کار ×۳۔ کالوفائیلم ×۳ باری باری
حمل میں بچہ کی حرکات بہت زیادہ ہوں تو اوپیم ۲۰۰ کی ایک خوراک کافی ہے۔
وضع حمل کا خوف دور کرنے کے لئے ایکونائٹ ۳۰ کی ایک خوراک کافی ہے۔

وضع حمل کی آسانی کے لئے وقتی علاج

کالی فاس ×۶ دس گرین فی خوراک ہر دس منٹ کے بعد پانی سے دیں۔
۴۔ ۵ خوراک دینے سے بچہ آسانی سے پیدا ہو جائے گا۔

حمل کے بعد کی دردیں

ارنیکا ۳۰ یا ۲۰۰ بے حد مفید ہے۔
دودھ کا بخار ہو جائے ایکونائٹ دیں۔
دودھ خشک کرنے کے لئے لیک کینم حد درجہ مفید ہے۔
دودھ بڑھانے کے لئے (پتلی عورتوں میں) سلیشیا ۳۰ یا ×۶ اکسیر ہے
دودھ پتلا اور کمزور ہو تو کلکیریا کارب ۳۰ مفید ہے۔

دُودھ پلانے سے کمزوری ہو تو چائنا × ۳ اکسیر ہے۔
وضع حمل کے بعد پیشاب رُک جائے۔ اگنیشیا مفید ہے۔

آنول کا رک جانا

کینتھرس × ۳ ایک خوراک کھلا دیں۔ انشاء اللہ آنول خارج ہو جائیگی۔

مُردہ بچہّ نکالنا

اوپریشن کی ضرورت نہیں۔ پیٹ چاک نہ کرو۔ کینتھرس × ۳، ۳-۴ خوراکیں دس دس پندرہ پندرہ منٹ کے بعد گرم پانی میں ملاکر استعمال کریں۔ بچہّ مُردہ ہے یا زندہ باہر آجائے گا۔

نفاس رُکنا

نیٹرم سلف × ۶۔ ۴ یا ۶ خوراک ایک ہی دن میں دے دیں۔ پہلے یا حد دُوسرے دن بند شدہ نفاس جاری ہو جائے گا۔

برسوتی بخار

اعلیٰ ترین علاج پیش خدمت ہے۔

(۱) ایکی نیشا مدر ٹنکچر۔ کالی فاس × ۶۔ دو دو خوراک روزانہ پائی روجی نیم ۲۰۰ ہر دوسرے دن ایک خوراک؛

یہ نسخہ حیات بخش ہے،

(۲) فیرم فاس × ۶۔ کالی فاس × ۶ باری باری استعمال کرانے سے بھی نہایت مفید اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ مگر نسخہ اول حد درجہ مفید ہے۔ اس کی قدر کریں

رحم کی رسولی

کلکیریا آیوڈائیڈ ۳x سے بڑھ کے دُنیا میں اور کوئی دوا نہیں ہے۔
۵ گرین فی خوراک، روزانہ پانی سے ایک ماہ تک دیں۔

سرطان رحم

ہائیڈراسٹس مدرٹنکچر ایک خوراک روزانہ۔ آرسنک آیوڈائیڈ ۳x، ۵ گرین گرین فی خوراک ۲ خوراک روزانہ ایک ماہ تک استعمال کریں۔

عادتِ بد کا ازالہ

عورتوں میں حلق (انگشت زنی) کی عادت بد کے ازالہ کے لئے روحانی دوائی گریشی اولا مدرٹنکچر ہے ۲ بوند اور صرف ایک ہی خوراک روزانہ استعمال کرانے سے ایک ہفتہ کے اندر اندر یہ عادت چھوٹ جاتی ہے۔
سیلفی سیگر یا ۳۰-۳، ۴ خوراک روزانہ بھی یہی اثرات رکھتا ہے۔

مغرور عورت

مغرور عورت کا غرور توڑنے کے لئے، رعونت کو دُور کرنے کے لئے —
بلاڈینا ۳۰ ایک معجز نما دوا ہے۔ غرور کا سر نیچا کر دے گی۔

ٹانک

عورتوں کی جملہ کمزوریوں کا واحد علاج ہے۔ عورتوں کے لئے ایک ٹانک ہے جو نئی جوانی نئی طاقت پیدا کر دے گا۔ ہیلونیاس مدرٹنکچر ۵ بوند فی خوراک ۳ خوراک روزانہ؛

شرافت

بگڑے ہوئے دماغوں کو درست کرنے کے لئے اور خواہشات نفسانی کو

دبانے کے لئے ۔ عورتوں کو شریف بنانے کے لئے ۔ شریفوں کی عزت کو بچانے کے لئے موسکس ۳۰ کا استعمال کرائیں ۔ اس کے استعمال سے لڑکیاں اور عورتیں شرافت کے جوہر کو اپنا سکیں گی ۔ اور خاندان کی بدنامی کا خدشہ نہ رہے گا ۔ خواہشات نفسانی کو دبانے کے لئے اس روحانی علاج سے فائدہ حاصل کیجئے ۔

لیکوریا کی اکسیریں

(۱) آلڑس فیری نوسا مدر ٹنکچر ۔ ہیلو نیاس مدر ٹنکچر ہموزن ملالیں ۔ دس بوند فی خوراک دن میں ۳ خوراکیں استعمال کرائیں ۔

(۲) نیٹرم میور ۶× ۔ کلکیریا فاس ۶× ۔ ملاکر ۴ خوراک روزانہ دیں ۔

چھاتیاں اُبھارنے اور بڑھانے کے لئے

جن لڑکیوں کی چھاتیاں مفقود ہوں اُن کے لئے حد درجہ مفید ہے ۔

سیبل سیرولیٹا مدر ٹنکچر ۵ بوند فی خوراک ۲ خوراک روزانہ صبح شام

پستان پر چوٹ کے لئے

کونیم کو مت بھولیں ۔

" میں پتھر کی طرح سخت ورم — کلکیریا فلور ۳× مفید ہے ۔

" میں درد کمئ حیض کے ساتھ — پلسا ٹیلا ۳۰ استعمال کریں ۔

" میں دنبل کے لئے — فائی ٹولیکا ۳× یا برائی اونیا ۳۰

" میں دُودھ پلانا دشوار ہو — بورکس ۳۰

" کا نا واجب طور پر پھولنا — برائی اونیا ۳۰ سے درست ہو سکتا ہے

" اور خصیۃ الرحم سُوکھ جائیں تو آیوڈیم ۳۰ استعمال کریں ۔

برتھ کنٹرول کے لئے

نیٹرم میور ۲۰۰ طاقت بعد ایام ماہواری ۳ خوراک کھلا دیں۔ ہر روز ایک خوراک ۳ دن تک ۔۔ ۳ ماہ تک برتھ کنٹرول رہے گا۔ مجرّب ہے

جماع کے وقت درد

اس مقصد کے لئے سٹیفی سیگریا ۲۰۰ طاقت ۳۔۴ دن کھلا دیں۔ ہر روز ایک خوراک کافی ہے۔ درد غائب ہو جائے گا۔ کوئی تکلیف نہ رہے گی۔

مستورات میں خواہش کی کمی

اشوکا مدر ٹنکچر استعمال کرانے سے جذبات اُبھر سکتے ہیں۔

ہسٹیریا کا لاجواب نسخہ

کالی فاس ۶x اور اگنیشیا ۳۰ باری باری ۲ ہفتے تک استعمال کریں' ۲-۲ خوراک ہر دوائی روزانہ دیں۔ انشاءاللہ دائمی آرام ہوگا۔ دورہ کے وقت استعمال کرانے سے دورہ ٹوٹ جائے گا۔ مکمل ہوش آ کر صحت ہوگی۔ اس نسخہ کو فراموش نہ کریں۔

ہسٹیریا کا مرکّب نسخہ لاجواب اکسیر

اگنیشیا ۱۰ قطرے لیکیس ۵ قطرے پلسٹیلا ۵ قطرے موسکس ۵ قطرے ملالیں۔ ۳ قطرے فی خوراک ہر ۵ گھنٹے کے بعد دیں۔ اس سے بہتر نسخہ دنیائے طب میں ملنا محال ہے۔

بچے خوبصورت پیدا ہوں

تو دوران حمل میں ہر ہفتے کے بعد ایک خوراک کلکیریا فاس ۱۰۰۰ کھلا دیا کریں۔ دس بارہ خوراکیں دینے سے بچہ طاقتور پیدا ہوگا۔ لاجواب دوائی ہے۔

دق الاطفال کے لئے نایاب فارمولا

(۱) ابراٹینم ۳۰ ۔ ۳ خوراک روزانہ۔

(۲) نیٹرم میور ۶x ۔ کلکیریا فاس ۶x ملا کر ۳ خوراک روزانہ ۔ ہر دو دوا باری باری ۳-۳ خوراک روزانہ استعمال کرائیں ۔ دس بارہ دن ہی میں بچہ طاقت پکڑ لے گا ۔ اور ایک مہینہ بھر استعمال کر لینے سُوکھے ہُوئے ۔ پنجر اور کمزور بچے موٹے تازے ہوجاتے ہیں ۔

دانت نکلنے کے زمانہ میں تریاقِ اعظم

دُنیا بھر کے دوا ۔ گرائپ واٹر اور دیگر چیزوں سے ہزار ہا درجہ بہتر اور مفید ہے ۔ بچے آسانی سے دانت نکال لیتے ہیں ۔ اور تمام تکالیف معدہ ۔ اسہال دُور ہوکر بچے کو توانائی حاصل ہوجاتی ہے ۔ کلکیریا فاس ۶x روزانہ ۔ ۴ ۔ ۵ خوراک بچے کو کھلائیں ۔ اس نسخہ کی قدر کریں ۔ اس سے بہتر نسخہ آپ کو نہ مل سکے گا ۔

اسہال کی اکسیر

شیر خوار بچوں کے اسہال کے لئے اسے ۹۹ فیصدی مجرّب اور مفید پایا گیا ہے ۔ اس فارمولا کی قدر کریں ۔

اپیکاک ۶x ۔ اور کیمومیلا ۶x ۔ ۳ ۔ ۳ خوراک یکے بعد دیگرے یا باری باری روزانہ دیا کریں ۔

کاپنج نکلنے کا مجرّب نسخہ

پوڈوفائیلم ۳x اور نیٹرم فاس ۳x باری باری ۲-۲ خوراک روزانہ استعمال کرانا بے حد مفید ہے۔

اسہال کی نادر اکسیر

عطیہ و آزمودہ برادرم محترم قبلہ السیّد نورِ زمان شاہ صاحب گردیزی ہومیوپیتھ، آسے والا تحصیل کبیر والا۔ ضلع ملتان۔ یہ نسخہ بغیر سوچ سمجھے استعمال کرائیے۔ ہر قسم کے دست فوراً بند ہوجائیں گے۔

اندرا بوٹی۔ دودھک خورد۔ کڑا چھال۔ کنگھی بوٹی۔ چاروں بوٹیاں ہر یک ۵۔ ۵ تولہ۔ نیمکوب کر کے ایک پونڈ الکوحل میں حسب دستور مدر ٹنکچر تیار کریں ایک ہفتہ کے بعد قابلِ استعمال ہے۔ مقدار خوراک ۵ سے ۱۰ بوند ۳-۴ بار روزانہ

تشنج بچّوں میں

تشنج کے وقت کیمفر مدر ٹنکچر روئی پر سُنگھائیں۔

بیلاڈونا ۳۰ بے حد مفید ہے۔

ککیریا فاس ۶x ۔ میگنشیا فاس ۶x ملاکر ۵-۶ خوراکیں دیں۔

ڈر جانے کے بعد تشنج واقع ہو تو اوپیم ۳۰ کو لاجواب دوا سمجھیں۔

پیسی فلورا مدر ٹنکچر تشنج کو روکنے کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔

اکسیرُ الاطفال

یہ ایک مرکب نسخہ ہے اور تجارتی راز ہے۔ بچّوں کے لئے تریاق ہے جو بچّوں کے تمام امراض کا سو فیصدی مجرّب علاج ہے۔ شیر خوار بچّوں کی تمام تکالیف

کا اکسیری نسخہ حاضر ہے۔

کیمومیلا ۱x کلکیریا فاس ۳x ابراٹینم ۱x

کلکیریا کارب ۱x الفلفا ۱x آرسنک ایوڈائیڈ ۳x

ہموزن ملا کر رکھ لیں۔ چار قطرے کی خوراک شوگر آف ملک میں ملا کر استعمال کریں۔ ۲۔۳ خوراک روزانہ،

●

جلدی امراض

ایگزیما کے لئے اکسیری نسخہ

گریفائٹس ...۱۰۰ طاقت ہفتہ وار ایک خوراک روزانہ استعمال کرائیں۔

ہائیڈروکوٹائل مدر ٹنکچر۔ ایکی نیشیا مدر ٹنکچر ۵۔۵ بوند ملا کر صبح شام استعمال کریں۔

برص کے لئے مجرّب نسخہ

(ا) آرسنکم سلفوریٹم فلیوم ۳x روزانہ ۲ خوراک

(ب) ہائیڈروکوٹائل مدر ٹنکچر اور ایکی نیشیا مدر ٹنکچر کا مرکّب روزانہ ۲ خوراک

ہر دو ادویہ ۔ ۲۔۲ خوراک روزانہ استعمال کرائیں۔

بال چر کی مرہم

مرکیورس بن آیوڈائیڈ ۱x ۔ ۵ گرین ۔ ویزلین ایک اونس ملا کر مرہم

بنالیں اور روزانہ صبح شام لگانے سے ایک ہفتہ ہی میں بال چر دور ہو کر بال پیدا ہو جائیں گے۔

داد کا مجرّب علاج

بیسی لینم ۲۰۰ طاقت ایک ہفتہ بھر روزانہ صبح کو ایک خوراک؛
پھر سورائینم ۲۰۰ طاقت ایک ہفتہ بھر روزانہ صبح کو ایک خوراک؛
اور ان ہر دو ادویہ کے دوران استعمال میں ہائیڈرو کوٹائل مدر ٹنکچر، اور ایکی نیشیا مدر ٹنکچر کا مرکب ۳ خوراک روزانہ استعمال کرائیں۔

خارش کے لئے

ہیپر سلفر ۳۰۔ سیلیشیا ۳۰ باری باری ۔۲-۲ خوراک یا مرکب ہائیڈرو کوٹائل اور ایکی نیشیا استعمال کرائیں۔

چیچک کے داغ دور کرنا

دوا نہیں بلکہ معجزہ ہے۔ سارسپریلا ۳۰ طاقت روزانہ صبح شام ۳ ماہ تک استعمال کریں۔

"حُسن"

یہ دوا میرا پیٹنٹ ہے۔ چہرے کے داغ۔ چھائیاں۔ پھنسیاں۔ دہاسے کیل کانٹے دور ہو کر چہرہ چاند کی طرح صاف شفاف ہو جاتا ہے۔ نایاب ترین ریسرچ ہے۔ خوردنی دوا ہے اور ہزاروں کریموں سے بہتر ہے۔
کالی برومیٹم ۶x۔ سفوف۔ ۵ گرین۔ خوراک صبح شام ہمراہ آب تازہ۔ اللہ بس باقی ہوس؛

پھنسیاں نکلنا

سلکیر یا سلف ۳۰ ۔ فیرم فاس ۶x ۔ باری باری دیں۔

یا ایکی نیشیا اور ہائیڈروکوٹائل کا مرکب استعمال کرائیں۔ ہر دو کے لئے بے حد مصفّی خون ہیں۔ ہر قسم کی پھنسیوں کی روک تھام کے لئے آپ کو ان دو نسخوں سے بہتر نسخہ ملنا محال ہے۔

چنبل

- ریڈیم برومیٹم ۲۰۰ ہفتہ وار ایک خوراک دیں۔
- آرسنکم البم ۳۰ مجرّب دوا ہے۔
- ہائیڈروکوٹائل مدر ٹنکچر اور ایکی نیشیا مدر ٹنکچر ملا کر دیں۔
- سورائینم اور سلفر بھی مفید ادویہ ہیں۔

پھنسیوں کے داغ دُور کرنا

- تھیاسی مینم ۳۰ بہت ہی مفید ہے۔
- چہرے کے کیل کانٹے دُور کرنے کے لئے بربیرس ایکی فولیا مدر ٹنکچر بھی بے حد مفید ہے۔
- گرمی دانوں میں رانوں کا چھل جانا ۔۔۔ ایتھوزا ۳۰ مفید ہے۔
- گوھکا بجنی ۔۔ سٹیفی سیگریا ۳۰ اور پلسٹیلا ۳۰ باری باری دیں۔
- گنگرین زخموں میں ۔۔ اندرونی طور پر لیکسس ۲۰۰ دیں اور بیرونی طور پر اکینشیا مدر ٹنکچر لگائیں۔
- مُہاسے نکلنا ۔۔ تھوجا ۳۰ مجرّب دوا ہے۔

- بھری ناخنوں میں ـــــ ڈائسکوریا مدر ٹنکچر سے تر کریں۔
- چتری سفیدی مائل چٹے ـــــ ناقابل برداشت خواہش ہو تو ہائیڈرو کوٹائل مدر ٹنکچر کو اکسیر سمجھیں۔
- ہر قسم کی جلدی اُبھاریں جو گرمی میں خود بخود چلی جائیں۔ اور سردی میں رونما ہوں۔ پٹرولیم ۳۰ مفید ہے۔
- زخم اور چوٹ نوک دار آلات سے ـــــ لیڈم مدر ٹنکچر ۵ بوند فی خوراک
- خارش فوطوں میں ـــــ کروٹن ٹگ ۳۰ کھلائیں۔
- فیل پاء کے لئے ـــــ ہائیڈروکوٹائل مدر ٹنکچر بے حد مفید ہے۔
  اناکارڈیم ۳۰ اکسیر سے کم نہیں!
- پھوڑوں کو پکانا مقصود ہو تو مرکیورس سال ۱۰۰۰ ایک خوراک دے دیں۔
- " " پھاڑنا " " ہیپر سلفر ×۳ ۔ ایک خوراک نشتر کا کام کرتی ہے
- کھال اُدھڑنا ـــــ کیلنڈولہ لوشن لگائیں۔ سلفر ۳۰ کھلائیں۔
  چھوٹے بچوں میں کیمومیلا ۳۰ دیں۔
- پتّی اُچھلنا ـــــ آرٹیکا یورنس مُفید ہے۔
  بھیگ جانے سے پتی پسینے سے آرام ہو تو رسٹاکس
  مزمن حالات میں ـــــ آرسنکم البم
  نہایت مفید دوا ـــــ سکوکم چک ×۳ دیں۔
- چھوتدار کھجلی ـــــ سلفر ۳۰ اکسیر ہے۔
  سُورائینم ۲۰۰ بے حد مُفید ہے۔

• گرمی دانے (پت) — خارجی طور پر کیلنڈولہ لوشن لگائیں۔
اندرونی طور پر لیڈم مدر ٹنکچر دیں۔

• لال پھنسی — آرسنکم البم ۳۰ مفید ہے۔

• سرخ یا سفید دانے — (جو بچوں کو دانت نکلنے کے زمانہ میں ہوں)
کیمومیلا ۳۰ دیں۔

• آبلے دار زرد پھنسیاں —
چہرہ اور سر پر پھیلنے والے چھالے۔ ان پر زرد رنگ کے موٹے موٹے کھرنڈ آئیں تو سائی کوٹا وائی روسا ۳۰ مفید ہے۔

• سر۔ کان۔ ناک وغیرہ کے گرد چھالے جن میں شہد جیسا مواد ہو —
گریفائٹس استعمال کریں۔

• بھوسی اترنا — نیٹرم میور ۳۰ یا ۶× مفید ہے۔

• نملہ — آرسنکم البم ۳۰ مفید ہے۔

• بوائی پھٹنا — رس ٹاکس مدر ٹنکچر لگائیں۔
آرسنکم ۳۰ کھانے کو دیں۔

• ناخنوں کے اردگرد — نیٹرم میور ۳۰

• مفید ترین دوا — کلکیریا فلور ۶× ۔ فیرم فاس ۶× باری باری۔

• اٹن — تنگ جوتہ پہننے سے ہو جائے۔

• جل جانا — کینتھرس مدر ٹنکچر ۱ قطرے آدھے گلاس پانی میں ملا لیں۔ اس سلوشن میں ململ کا ٹکڑا بھگو کر رکھیں۔ دن میں ۲-۴

بار رکھیں۔ بہترین علاج ہے بشدید ترین کیسوں میں بھی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

سُرخ بادہ کے لئے اکسیریں

ابتداء میں بیلاڈونا ۳۰ متواتر دیں۔

جب شدید کھجلی ہو بے چینی ہو، آبلے پانی سے پُر ہوں۔ تورسٹاکس کو فراموش نہ کریں۔

رسٹاکس سے آرام نہ آئے تو آرسنکم البم ۳۰ استعمال کریں۔

بار بار واقع ہونے والے سُرخ بادہ میں گرے فائیٹس ۱۰۰۰ مفید ہے۔

تمام جلدی امراض کے لئے

گن پوڈر ×۳ بے حد مُفید ہے۔

بچوّں کے ایگزیما میں

رسٹاکس ۳۰ اور سلفر ۳۰ باری باری دیں ؏

ہاتھ پاؤں اور چہرہ کی کریوں کا بڑھ جانا

تھائی روڈنیم × ۳ اکسیر سے کم نہیں۔

ہڈیوں میں چوٹ کے لیے ـــ روٹا ۳۰ مفید ہے۔

لمبی ہڈی میں گانٹھ ـــ تھائی روڈنیم × ۳ مجرب ہے۔

ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے کے لئے ـــ سمفائیٹم مدر ٹنکچر اکسیر ہے۔

سر اور جبڑے کی ہڈی میں گانٹھ ـــ ہکلا لاوا ۳۰ اکسیر ہے۔

ہڈی میں ناسور کے لئے ـــ ہکلا لاوا بے حد مفید ہے۔

دانت اکھڑوانے کے بعد درد ـــ ہائپریکم ۲۰۰ ایک خوراک کافی ہے

دانت درد ـــ پلانٹیگو مدر ٹنکچر کا پھایہ لگائیں۔

ناخن موٹے ہو جائیں ـــ گریفائیٹس ۳۰ کھلائیں۔

ہڈی بڑھ جائے تو کٹوائیے نہیں بلکہ

کلکیریا فلور × ۶ کچھ روز کھلائیں بے حد مفید دوا ہے۔

ہیضہ

- ابتداء میں کیمفر مدر ٹنکچر کھانڈ پر ڈال کر کھلائیں۔
- دوسرے درجہ میں وریٹرم البم ۳۰ یا ۲۰۰ بے حد مفید ہے۔
- تیسرے درجہ میں جبکہ مریض ٹھنڈا ہو چکا ہو۔ کاربوویج ۲۰۰ ضرور دیں۔
- جب تمام اخراجات (قے اسہال) یکدم بند ہو جائیں اور مریض پر بیہوشی کے دورے ہوں۔ ہائیڈروسیانک کو مت بھولیں۔
- بند ہیضہ میں کیوپرم ۳۰ اکسیر سے کم نہیں جبکہ اینٹھن اور تشنج تیز ہو

مرکب علاج کے ۲ بیش قیمت نسخے:

(۱) وریٹرم البم ۳۰ اور کیوپرم مٹ ۳۰ یکے بعد دیگرے دیں۔

(۲) اگر اسہال اور قے سے جلد جلد مردنی چھائی جارہی ہو تو وریٹرم البم ۳۰ — اور آرسنکم البم ۳۰ باری باری دیں۔

خسرہ

- ماربی لینئم ۳۰ اور بیلاڈونا ۳۰ اَدل بدل کر دیں۔
- دانے دیر سے نکل رہے ہوں تو — برائی اونیا دیں۔

فیرم فاس × ۶ کالی میور × ۶ ملا کر دینا خسرہ کا اعلیٰ علاج ہے۔
بخار کم ہونے پر پلسٹیلا۔ ۳ دیں۔

چیچک

(۱) شروع سے آخیر تک ویری اولائینم ۔۳ کا استعمال بے حد مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بعد میں جسم پر چیچک کے نشان بہت معمولی رہتے ہیں۔
(۲) اینٹیم ٹارٹ بھی شروع سے آخیر تک نہایت مفید ہے۔ اگر صرف اسی دوا کو استعمال کرایا جائے تو تمام مریض اسی سے صحت یاب ہو جائیں گے۔
(۳) جب دانے دب جائیں۔ قوتِ حیات جواب دینے لگے تو کیمفر مدر ٹنکچر دیں۔

طاعون

(۱) گلٹی دائیں طرف ہو تو ناجا ۶ استعمال کریں۔
بائیں طرف ہو تو لیکسس ۔۳۰ استعمال کریں۔ اور ہر دو دواؤں کے ساتھ ساتھ پلیگی نم ۔۳۰ استعمال کرائیں۔

خناق وبائی

(۱) علامات دائیں سے بائیں طرف کو جائیں تو لائیکو پوڈیم ۲۰۰ دیں۔
(۲) خناق بائیں سے دائیں طرف کو جائے تو لیکسس ۲۰۰ مفید ہے۔
(۳) مہلک کیس میں مرکیورس سیانائیڈس بے حد مفید ہے۔

ٹائی فائیڈ

(۱) ہر مجوزہ دوائی کے ساتھ ٹائی فائیڈم ۳۰ دینا اشد ضروری ہے۔

(۲) محرقہ اسہالی میں بپٹیشیا ۳ از حد مفید ہے۔

(۳) قبض میں برائی اونیا ۳۰ دیں۔

(۴) بے چینی کمزوری پیاس میں آرسنک البم ۳۰ و ۳ دیں۔

اس کے ۳ درجے ہیں۔ پہلا درجہ ابتدائی اس میں قبض میں برائی اونیا اسہال میں بپٹیشیا۔ اور کمزوری میں جلیسی میم ۳۰ دیں۔

دوسرا درجہ شدت کا اس میں ٹائی فائیڈم اور بپٹیشیا باری باری دیں۔

تیسرا درجہ انحطاط کا اس میں آرسنکم البم ۳۰ دیں۔

کن پیڑے

(۱) ابتداء میں ایکونائٹ اور بیلاڈونا باری باری دیں۔

(۲) فیرم فاس ×۶۔ کالی میور ×۶ ملا کر دینا بھی مفید ہے۔

(۳) مرکیورس سال ۳۰ اور بیلاڈونا ۳۰ باری باری دینا اکسیر سے کم نہیں ہے۔

(۴) پیروٹائی ٹیڈینم ۳۰ کا استعمال بھی بے حد مفید ہے۔

ملیریا بخار

(۱) اپیکاک ۳۰ سے ملیریا کے بہت سے کیس درست ہو جاتے ہیں۔

(۲) باری کا یا تجاری کا بخار چائنا ۳۰ سے رُک جائے گا۔
(۳) نیٹرم میور ×۶ اکثر کیپسول میں مفید ہے۔
(۴) موسم برسات میں ملیریا ہو تو نیٹرم سلف ×۶ مفید ہے۔
علامات کا علاج کریں۔

کالا آزار

- عام طور پر آرسنکم البم ۳۰ بے حد مفید ہے۔
- تلی اور جگر بڑھ جائیں۔ تو سیا نو تھس مدر ٹنکچر اور کارڈ ڈس مدر ٹنکچر ملا کر دیں۔
- جریان خون ہو تو کروٹیلس ۳۰ دیں۔

زرد بخار

(۱) پہلے درجہ میں ایکونائیٹ اور بیلاڈونا باری باری دیں۔
(۲) بخار کم ہو تو جیلسی مم اور برائی اونیا باری باری دیں۔
(۳) دوسرے درجہ میں آرسنکم البم اور مرکیورس سال باری باری دیں۔
(۴) تیسرے درجہ میں آرسنکم البم اور کروٹیلس باری باری دیں۔

گردن توڑ بخار

(۱) ابتدا میں ایکونائٹ ۳۰ دیں۔
(۲) شدید تشنجی دورے۔ ہاتھ پاؤں میں تشنج۔ سر پیچھے کو جھک جائے، تو

سائی کوٹنا وائی روسا ایک نئی زندگی بخشنے والا دوا ہے۔

(۳) ہذیان۔ تشنج۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے۔ پتلیاں پھیلی ہوئی آنکھیں نیم وا ہو۔ تو بیلاڈونا۔ ۳۰ اکسیر ہے۔

ہڈی توڑ بخار

- یوپ ٹوریم پرف۔ ۳۰ اکسیر سے کم نہیں ہے۔

انفلوئنزا

(۱) نیٹرم سلف ×۶ وبائی انفلوئنزہ کے لئے اکسیر ہے یاد رکھئے۔

(۲) انفلوئنزنیم ۲۰۰ بے حد مفید ہے۔

(۳) یوپ ٹوریم پرف۔ ۳۰ بھی اکثر مفید ہے جب کہ ہڈیوں میں اور بدن میں شدید درد ساتھ ہو۔

ہلکاؤ

- ڈاکٹر ہیرنگ، لیکسس دینے کی سفارش کرتے ہیں۔
- سٹرامونیم اور بیلاڈونا باری باری دینا مفید ہے۔

کزاز

(۱) سائی کوٹنا وائی روسا ۲۰۰ اکسیر سے کم نہیں۔

(۲) ہائی پریکم ۲۰۰ بے حد مفید ہے۔

(۳) سٹرکینیا ×۳ ۲ خوراک روزانہ مفید ہے۔

تپ توڑ نسخہ

ٹائی فائیڈ بخار کو توڑنے کے لئے اس سے بہتر نسخہ دُنیا کے طب میں ملنا محال ہے۔ بخار میں کوئی پیچیدگی نہیں ہوتی۔ اس نسخہ کو اوّل سے آخیر تک مفید پایا گیا ہے،

بپٹیشیا	ایک ڈرام	ایکی نیشیا	ایک ڈرام
رسٹاکس ×1	ایک ڈرام	بیلاڈونا ×1	ایک ڈرام
ہائیڈروکوٹائل	ایک ڈرام		

ملا کر رکھ لیں۔ بچوں کو ۲ قطرے شوگر آف ملک میں ملا کر اور بڑوں کو ۵ قطرے فی خوراک ہر ۳-۴ گھنٹے کے بعد،

اس کے ساتھ ساتھ کالی فاس ×۶ کی ۳ خوراک بھی روزانہ استعمال کرانا ضروری ہے۔

●

مزاجی بیماریاں

شدید گنٹھیا

(۱) ابتداء میں ایکونائٹ اور بیلاڈونا باری باری دیں۔

(۲) برائی اونیا دن کو اور ایکونائٹ رات کو دیں۔

(۳) حرکت اور گرمی سے آرام ہو بے چینی ہو۔ مرطوب موسم میں تکلیف ہو تو رسٹاکس دیں۔

(۴) نیٹرم سلف ×۶ اور نیٹرم فاس ×۶ باری باری دیں۔

(۵) نیٹرم سلف ×۶ اور نیرم فاس ×۶ باری باری دیں۔

(۶) آرٹیکا یورنس مدر ٹنکچر بھی مفید ہے۔

عضلات کا درد

(۱) گردن کا درد — بیلاڈونا اور برائی اونیا باری باری دیں۔

(۲) دردِ کمر — رسٹاکس دیں یا کلکیریا فلور ×۶ استعمال کرائیں۔

(۳) پسلیوں کا درد — رے نن کولس بلب ۳۰ بے حد مفید ہے۔

نقرس

(۱) شدید حملے کے دوران — ایکونائٹ اور برائی اونیا باری باری دیں

(۲) کالچی کم ۳۰ اکثر مفید ہے۔

(۳) آرٹیکا یورنس مدر ٹنکچر بے حد مفید ہے۔

عرق النساء (لنگڑی کا درد)

(۱) شدید حالت میں ایکونائٹ ×۳ - ایکونائٹ ×۳ - آیوڈیم ×۳ باری باری دیں۔

(۲) ٹکور سے اور دبانے سے آرام ملے تو کالوتھ دیں۔

(۳) رسٹاکس ×۳ ۔ سنابیرس ×۳ باری باری دیں۔

(۴) نیفائی لم ۳۰ ۔ اس حالت میں مفید ہے ۔ جب کہ درد اور سُن ہو جاتا ۔ یکے بعد دیگرے واقع ہوں۔

(۵) جلندر اور دردوں کے لئے آرسنکم البم مفید ہے

رعشہ

(۱) نوجوان لڑکیوں میں رعشہ ہو ہسٹیریا کی علامات بھی ہوں تو اگنیشیا ۳۰ کو مت بھولیں۔

(۲) ڈاکٹر بارٹلیٹ ایگیریکس × ۲ کو بہتر دوا سمجھتے ہیں۔

(۳) ڈاکٹر سی ایل گریگری جلسی مم مدر ٹنکچر کی بہت زیادہ تعریف کرتے ہیں۔

لُو لگنا

(۱) نیٹرم میور × ۶ بہترین علاج ہے۔

(۲) گلونائن ۳۰ اور بیلاڈونا ۳۰ کو مت بھولیں۔

درج ذیل نسخہ اکثر اقسام درد ریاحی میں مفید ہے ۔ وجع المفاصل کے لئے مکمل شفا دینے والا نسخہ ہے ۔ وقتی سکون بھی دیتا ہے اور شفائے کاملہ بھی

رسٹاکس ×۱ ایک ڈرام

برائی اونیا ×۱ ایک ڈرام

کالچی کم ×۱ ایک ڈرام   سمی سی فیوگا ×۱ ایک ڈرام
روٹا ×۱ ایک ڈرام
ملاکر ۳۔ قطرے فی خوراک۔ بعد از طعام دیا کریں۔ خالی معدہ ہرگز نہ دیں۔ آلو اور بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔

اوجاعی

یہ دوا جوڑوں کے دردوں کے لئے لاجواب اکسیر ہے۔ وجع المفاصل کے لئے اسے فراموش نہ کریں۔

رسٹاکس ×۳۔ برائی اونیا ×۶۔ ڈلکامارا ×۳ برابر وزن ملالیں۔
۵ قطرے ہر ۴ گھنٹے کے بعد دیں۔

افیون کی عادت ترک کرانے کیلئے۔ ایوینا سٹائیوا مدر ٹنکچر دن کو اور رات کو کیمومیلا ایک خوراک

شراب " " " ۔ کوئیرکس مدر ٹنکچر بے حد مفید ہے

سگریٹ اور حقہ " " ۔ کلاڈیم ۳۰ اکسیر ہے۔

جلق کی عادت " " ۔ اوری گینیم مدر ٹنکچر ایک مسلّمہ دوا ہے

اغلام کی عادت " " ۔ ایسڈ فاس مدر ٹنکچر طب کا معجزہ ہے

عورتوں میں جلق کی عادت ترک کرانے کیلئے۔ گریشی اولا ۳۰ یا سیفنٹی سیگریا ۳۰ مفید ہے۔

جھوٹ کی عادت " " " انا کارڈیم ۳۰ بے حد مفید ہے

چوری کی عادت " " " ٹرنٹولہ ۳۰ اکسیر ہے۔

حفظِ ماتقدم کے لئے ادویہ

ہیضہ کے لئے حفظ ماتقدم کے لئے: کیوپرم ایسی ٹیٹ ۳ × دیں۔

طاعون " " " " : اگنیشیا دیں۔

ٹائی فائیڈ " " " " : ٹائی فائینڈم ۲۰۰ دیں۔

دق " " " " : بیسی لینئم ۲۰۰

سل " " " " : ٹیوبر کیولینئم ۲۰۰

انفلوئنزہ " " " " : انفلوئنزین ۳۰

چیچک " " " " : ویری اولائینم ۳۰

خناق وبائی " " " " : ڈفتھرینئم ۲۰۰

چکن پاکس " " " " : انٹیم ٹارٹ ۳۰

کن پیڑے " " " " : پیروٹی ڈینم ۳۰

کالی کھانسی " " " " : پرٹسن ۳۰

زرد بخار سے بچنے کے لئے : آرسینکم البم ۳۰
ہلکاؤ " " : ہائیڈرو فوبینم صبح شام ہر ہفتہ استعمال کریں جب تک کہ دست اور بخار نہ ہو جائے
سانپ کے زہر کے خلاف جسم میں قوت مدافعت پیدا کرنے کے لئے گرلینڈ ڈرینا × ۳ اکسیر ہے۔
خسرہ سے بچنے کے لئے : مار بی لینیم × ۳
لُو لگنے " " : نیٹرم میور × ۳

احساسات اور امراض کو روکنے کیلئے

- ڈر یا جوش کی وجہ سے اسقاط حمل ہو رہا ہو تو روکنے کیلئے : ایکونائیٹ ۳۰
- قبل از وقت ولادت یا اسقاط کا خطرہ ہو تو روکنے کیلئے : کالوفائیلم × ۳۰
- بچہ جننے کے بعد شدید سیلان روکنے کے لئے : پچیوٹرین × ۳۰
- بعد زچگی سیلان خون اور زہریلے اثرات کو روکنے کیلئے : آرنیکا ۳۰
- ہرنیا کو روکنے کے لئے جبکہ پیٹ میں کمزوری کا احساس : کاکوکس انڈیکا ۳۰
- اوپریشن یا کلوروفارم سے پہلے موت کے ڈر کو روکنے کیلئے : ایکونائیٹ ۳۰
- پتے میں پتھری بننے سے روکنے کے لئے : چائنا یا کولسٹرینم
- گردے میں پتھری بننے سے روکنے کے لئے : چائنا یا لائیکوپوڈیم

پھوڑے پھنسیوں کو بار بار نکلنے سے روکنے کے لئے : سیلیشیا ۶x یا ۳۰

گوہانجنی بار بار نکلنے کو روکنے کے لئے : سٹیفی سیگریا ۳۰

انگلی پر لبہری روکنے کے لئے : سلیکیریا سلف ۳۰x۶

چوٹ وغیرہ کے درد " " : آرنیکا ۳۰

کیتھیٹر پاس کرنے کا درد " " : ایکونائٹ

دانت اکھاڑنے سے قبل بطور حفظِ ماتقدم درد کو روکنے کے لئے۔ ان کے استعمال کے بعد بغیر درد کے دانت نکالے جاسکتے ہیں۔

مردوں میں نکس وامیکا
عورتوں میں اگنیشیا

کلوروفارم کی قے روکنے کے لئے ۔ قبل از آپریشن فاسفورس ۳۰ دیں

عجائباتِ ہومیوپیتھی

(۱) فائی ٹولیکا موٹاپے کی مسلّمہ دوا ہے۔

(۲) آرم مٹ .C.M کی ایک ہی خوراک سے بزدلی دُور ہوجائیگی اور شیر جیسی جرأت پیدا ہوجائے گی۔

(۳) کولانٹ کی ایک خوراک کھانے سے ایک ہفتہ تک بھوک نہیں لگتی اور صحت بھی بحال رہتی ہے۔

(۴) پلیکس اری ٹینس کھانے سے مچھر آپ کے نزدیک نہ آئے گا ملیریا سے حفاظت ہوگی۔

جامع الاکاسیر
المعروف بہ
کشتہ جات نظیر

کامل پانچ حصے

مصنفہ

جناب مولوی نذیر احمد خان طبیب گنگوہی

☆ اس سے پیشتر رسالہ ہائے کشتہ جات و دیگر کتب کثرت سے شائع ہو چکے ہیں مگر سب کے سب ناکمل سمعنا ولا علمنا کے مصداق ہیں کشتہ جات کے شوقین ہنوز بے بہرہ ہیں۔ مصنف نے ہر قسم کے کشتہ جات عرصہ دراز میں اس مرض مہوسی سیکھنے اور بنائے اور تجربہ کیا ان کو ایک جا جمع کر دیئے ہیں تا کہ عوام الناس فائدہ اٹھا کر دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

☆ جامع الاکاسیر پانچ حصص پر مشتمل ہے۔

☆ حصہ اول کشتہ جات نظیر

☆ حصہ دوم کیمیائے نظیر

☆ حصہ سوم مجربات نظیر المعروف بہ قرابادین نظیر

☆ حصہ چہارم عملیات نظیر

☆ حصہ پنجم علاج العین نظیر

☆ جامع الاکاسیر کا کوئی حصہ ناکارہ نہیں ہے۔ اس کتاب میں وہ نسخے درج ہیں جو حکیموں اور سنیاسیوں کے ہی آج تک سینہ بسینہ چلے آ رہے تھے ہر قسم کے عملیات بزرگوں کے آزمودہ درج ہیں اور اجازت حاصل کی گئی ہے۔

☆ الگ الگ حصے جات دستیاب نہیں ہیں۔

پانچ حصص یک جا مجلد قیمت-/300 روپے

معجزات و عجائبات طب یونانی

المعروف سلک معجز نما

مصنف و مؤلفہ

ڈاکٹر شاد گیلانی

☆ اس کتاب میں طب یونانی کے وہ جواہر پارے ہیں جس کے مقابلے میں ایلوپیتھی میں ابھی تک کوئی دوائی ایجاد نہیں ہو سکی۔

☆ اس کتاب میں جو جواہر پارے ہیں۔ ایسے ایک ایک نسخہ کو اطبا ہزار کاوشوں سے حاصل کرتے ہیں برسوں خدمت کرنے کے بعد جب حاصل ہو جائے تو اپنے سینوں میں دفن کرتے ہیں وہ انمول خزانہ اس کتاب میں ہے۔ قیمت-/60 روپے

ہومیوپیتھک

جیبی انسائیکلوپیڈیا

مصنف و مؤلفہ

ڈاکٹر شاد گیلانی

☆ ہومیوپیتھی "علامات" کا علاج ہے۔

☆ مصنف و مولف نے اپنے تجربات کو اس طرح پیش کیا ہے کہ ہر طبیب ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

☆ مختصر سا فارماکوپیا ہے۔

☆ یہ فارماکوپیا ہومیوپیتھ ڈاکٹر کے لئے بے حد مفید ہو گا۔

☆ محدود تعداد میں موجود ہے۔ قیمت-/60 روپے

مجربات بو علی سینا
و
لذات النساء

مصنفہ

جناب حکیم محمد عزیز حکیم حاذق

☆ یہ کتاب قانون شیخ الرئیس بو علی سینا طب اکبر، زمرد اخضر، میزان طب، کلیہ منصوری، مخزن حکمت و دیگر کتب مجربہ سے منتخب کر کے بنائی گئی ہے۔ قیمت-/200

حکمت
کے
خفیہ راز

مصنفہ

جناب حکیم دیوان کاہن چند کپور پشاوریہ

☆ یہ کتاب میں معمولی امراض سے لے کر نہایت خطرناک بیماریوں کے نسخہ جات درج ہیں جو مصنف کتاب کی اپنی تمام زندگی میں بارہا تجربہ میں آ چکے ہیں۔ قیمت-/60 روپے

حکمت
کے
مفید ٹوٹکے

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

☆ حکمت کے آسمان پر چاند اور ستارے۔

☆ مفید ٹوٹکے مربت کو پچیس برس کی سر توڑ کوشش کے بعد حاصل ہوئے۔ قیمت-/100

آسان بائیو کیمسٹری

مصنف و مؤلفہ

ڈاکٹر سلطان محمود چغتائی تلمیذ ڈاکٹر شاد گیلانی ہومیوپیتھ

☆ ہومیوپیتھک علاج کیلئے لاجواب کتاب قیمت-/100

اکسیر اجملی

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

☆ حکیم اعظم فخر حکمت جناب حکیم محمد اجمل خان صاحب کے بیاض میں سے چند نایاب تحفے قیمت-/50

خط و کتابت اور منی آرڈر بھیجنے کا پتہ:- ملک سراج الدین اینڈ سنز' پبلشرز، 48/C لوئر مال، لاہور